© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**محاضراتِ حدیث**، ڈاکٹر محمود احمد غازی۔ الفیصل' غزنی سٹریٹ' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۴۸۰۔ قیمت: ۲۲۵ روپے۔

علم حدیث کے مختلف پہلوؤں پر فاضل مصنف کے ۱۲ خطبات کا یہ مجموعہ: حدیث' علومِ حدیث' اس کی تدوین وتاریخ اور محدثین کی ناقابلِ فراموش خدمات کی تفصیل پیش کرتا ہے۔ ان خطبات کا اہتمام اکتوبر ۲۰۰۳ء میں ادارہ الہدیٰ' اسلام آباد نے کیا تھا جس میں خواتین کی کثیر تعداد شریک تھی۔ خیال رہے کہ ڈاکٹر محمود احمد غازی اس سے پہلے علومِ قرآن اور قرآن حکیم کی تاریخ وتفسیر سے متعلق مختلف موضوعات پر اسی طرح ۱۲ خطبات کا مجموعہ پیش کرچکے ہیں۔

جیسا کہ محترم غازی صاحب نے دیباچے میں بتایا ہے' زیرنظر خطبات کی اصل مخاطب وہ خواتین اہلِ علم ہیں جو قرآن مجید کے درس و تدریس میں مصروف ہیں۔ چنانچہ فہمِ قرآن' درسِ قرآن اور تفسیر قرآن کے سلسلے میں ان خطبات یا مضامین کی حیثیت ایک نہایت مفید علمی وعالمانہ معاون کی ہے۔

خطبات کے عنوانات سے ان کی جامعیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ پہلا خطبہ حدیث کے تعارف پر ہے۔ مابعد خطبوں میں حدیث کی ضرورت و اہمیّت' حدیث اور سنت بطور ماخذِ شریعت' روایتِ حدیث اور اقسامِ حدیث' علمِ اسناد و رجال' جرح وتعدیل' تدوین حدیث اور کتب وشرح حدیث پر نہایت فاضلانہ انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے۔ آخری دو خطبات میں برعظیم پاک و ہند میں علمِ حدیث کے ارتقا' معروف محدثین کی خدمات اور پھر دورِ جدید میں علومِ حدیث کا تذکرہ ہے۔ بظاہر یہ ۱۲ لیکچر یا خطبے یا تقاریر ہیں جو غازی صاحب نے مختصر نوٹس کی مدد سے زبانی دیے تھے لیکن حدیث سے متعلّق شاید ہی کوئی ایسا پہلو ہوگا جس کا ذکر ان خطبات میں نہ آیا ہو۔ ایک باب

© rasailojaraid.com